سوال

فرض روزہ توڑنا

جواب

روزہ توڑنے کا کفارہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مجھے معلوم کرنا ہے کہ بلا نیت وارادہ مگر شہوت کے ساتھ منی خارج ہونے سے ٹوٹنے والے فرض روزے کا کیا حکم ہے ؟ صورت حال کچھ یوں ہے کہ گذشتہ رمضان المبارک میں، صحت عامہ سے متعلق ایک ویب سائٹ پر کچھ نئے الفاظ پڑھ کران کا معنی جاننے کے لیئے انٹر نیٹ پر تلاش شروع کی۔ وکی پیڈیا ویب سائٹ پر معلوم ہوا کے وہ عورت کے پوشیدہ اعضا کے متعلق تھے۔ لنکس کی پیروی کرتے ہوئے کچھ اور پیج کھولے اورچند تصاویر دیکھتے ہی جذبات پر قابو نہ رہااور انزال ہوگیا۔ دل کی حالت یہ تھی کے اس غلط کام کا بلکل ارادہ نہیں تھا سب اچانک ہوا بس شیطان نئے الفاظ معلوم کرنے کے چکر میں بہکا گیا۔ کیا مجھے کفارہ ادا کرنا ہوگا ؟ اور اس کا کیا طریقہ کار ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! سب سے پہلے تو ہم آپ کو یہ نصیحت کرتے ہیں کہ اپنے آپ کو ایسے تمام امور سے دور رکھیں جو انسان کو گناہ میں لے جانے سبب بنتے ہیں۔ اللہ آپ کو پاکیزگی عطا فرمائے۔ آمین صورت مسئولہ میں اگر تو واقعی منی ہی خارج ہوئی ہے تو اہل علم کے راجح موقف کے مطابق آپ کا روزہ فاسد ہوگیا ہے، لیکن چونکہ آپ نے عمداً نہیں کیا ہے لہذا آپ پر کوئی کفارہ نہیں ہے، مگر اس فاسد شدہ روزے کی قضاء کرنا لازم ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی